ABC CERTIFIED
کراچی، حیدرآباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
روزنامہ جسارت حیدرآباد
www.jasarat.com
بانی: چوہدری غلام محمد مرحوم
جلد 6 | شمارہ 94 | منگل 13 رمضان المبارک 1444ھ 4 اپریل 2023ء | قیمت 16 روپے

وفاقی محتسب کو مختلف وفاقی سرکاری اداروں کیخلاف 300 سے زائد شکایات موصول

کوئی بھی وفاقی اداروں کی بدانتظامی اور جائز مسائل حل نہ ہونے پر درخواست دے سکتا ہے، رضوان احمد

حیدرآباد (اسٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعلیٰ سیکریٹریٹ حیدرآباد کے انچارج / ایڈوائزر ڈاکٹر رضوان احمد نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب اعلیٰ سیکریٹریٹ حیدرآباد کا دفتر سال 2014ء میں قائم ہوا اور گزشتہ سال وفاقی محتسب اعلیٰ حیدرآباد کو مختلف وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف 300 سے زائد شکایات موصول ہوئیں اور ان شکایات کے فیصلوں پر عمل درآمد کی شرح 90 فیصد رہی۔ انہوں نے ادارے کی کارکردگی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ سیکریٹریٹ میں ایک عام شہری بھی وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف اور جائز مسائل حل نہ ہونے پر درخواست دے سکتا ہے جو بغیر کسی معاوضے سنی جاتی اور 60 روز میں مسئلہ حل کرایا جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ شکایت / درخواست سادہ صفحہ پر دی جاسکتی ہے اور اس کے علاوہ آن لائن سمیت موبائل ایپ کے ذریعے بھی شکایتی درخواست دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ماہ وفاقی محتسب اعلیٰ سیکریٹریٹ حیدرآباد میں سب سے زیادہ شکایات حیسکو اور نادرا کوئٹری کے متعلق موصول ہوئی ہیں، جن اداروں کے خلاف شکایات موصول ہوتی ہیں ان اداروں کا دورہ کیا جاتا ہے۔

میرپورخاص: دیسی شراب کی بھٹی پر!

میرپورخاص (نمائندہ جسارت) سیٹلائٹ ٹاؤن
کے ہمراہ ستاری کاٹن فیکٹری کے قریب دیسی شراب
لیٹر تکمیل کے مراحل میں موجود کچی شراب اور اس کے
بروئی کو گرفتار کرلیا جبکہ دیگر 2 ملزمان موقع سے فرار ہو

ABC Certified
☆☆ حق و سچ کے ساتھ ۔۔۔ ظلم سے نباہ نہیں ☆☆
dailynibaah@gmail.com
Daily NIBAAH Hyderabad
روزنامہ نباہ
حیدرآباد
Regd No: 3592
چیف ایڈیٹر
احمد خان دل
جلد نمبر 05 | بروز منگل 4 اپریل 2023ء، 13 رمضان المبارک 1444ھ | قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 163

حیدرآباد: وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان ریجنل سیکریٹریٹ ایڈوائزر سابق سفیر ڈاکٹر سید رضوان احمد، ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر شیخ امتیاز علی ڈاکٹر میر حسین تالپور، سید اصغر علی، کامران مقصود، منیر احمد کے ہمراہ حیدرآباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو: حسنین علی شاہ)

90 فیصد کیسز کا فیصلہ عوام کے حق میں ہوتا ہے، رضوان احمد

وفاقی محتسب کا ادارہ حکومتی اداروں کیخلاف شکایت پر زیادہ سے زیادہ 60 دن کے اندر فیصلہ کر دیتا ہے، پریس کانفرنس

حیدرآباد (رپورٹ: پیر نور عالم شاہ) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان ریجنل سیکریٹریٹ حیدرآباد ایڈوائزر سابق سفیر ڈاکٹر سید رضوان احمد نیا یسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر شیخ امتیاز علی، ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ڈاکٹر میر حسین تالپور، سینئر پرائیویٹ سیکریٹری سید اصغر علی، انویسٹی گیشن آفیسر کامران مقصود، اسسٹنٹ رجسٹرار منیر احمد کے ہمراہ حیدرآباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا وفاقی محتسب کا ادارہ وفاقی حکومت کے اداروں میں بدنظمی، کرپشن، اختیارات کے ناجائز استعمال، زیادتی کی شکایات پر زیادہ سے زیادہ 60 دن کے اندر کیس کا فیصلہ کر دیتا ہے، 90 فیصد کیسز میں عوام کے حق میں فیصلہ دیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا 80 فیصد ظلم و زیادتی کی شکایات عوام کی جانب سے حیسکو، واپڈا کے خلاف آتی ہیں جو سارفین بجلی کے بلوں میں ناجائز ڈیٹکشن لگانے سے متعلق ہوتی ہیں دیگر ادارے سوئی گیس، نادرا، پوسٹ آفس، ای او بی آئی، ایف آئی اے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، یوٹیلیٹی اسٹور، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

بقیہ نمبر ☆........☆ 12

ریلوے دیگر ادارے شامل ہیں۔ لوڈ شیڈنگ، ڈیٹکشن بلوں کے مسائل بہت گھمبیر و سنگین ہیں جن کے ازالے سائلین کو انصاف کی فراہمی کیلئے وفاقی محتسب پاکستان بہت سرگرم ہیں ان کی ہدایت ہے کہ سائل کو ہر قیمت پر انصاف دیا جائے۔ گذشتہ برس وفاقی محتسب کے ادارے نے تین ہزار سے زائد شکایات کا ازالہ کیا اپنے فیصلوں پر عملدرآمد کروانے کی شرح 90 فی صد رہی ہے۔ ڈاکٹر سید رضوان احمد نے کہا کوئی بھی عام شہری شکایت سادہ کاغذ پر شناختی کارڈ کی کاپی، موبائل نمبر، مکمل پوسٹل ایڈریس کیساتھ ان کے دفتر اسٹیٹ لائف بلڈنگ 6 فلور میں دی جا سکتی ہے جبکہ آن لائن موبائل ایپ پر بھی درج کرا سکتے ہیں۔ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی، وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی، سیکریٹری افضل لطیف کا پیغام ہیاداروں کے وزٹ کر کے بھی سائلین کے مسائل بروقت حل کیے جائیں۔